# آرکروما پاکستان لمیٹڈ

ARCHROMA
LIFE ENHANCED

# اعــــــلان

**ہم بمسرت مطلع کرتے ہیں کہ کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز نے ،منگل 29 جولائی 2025 کو منعقدہ اجلاس میں ،30 جون 2025 کو ختم ہونے والی مدت کیلئے عبوری نقد منافع 200% کی شرح (یعنی فی شیئر -/20 روپے) دینے کی سفارش کی ہے۔**

عبوری نقد منافع کے حقدار شیئر ہولڈرز کا تعین کرنے کیلئے ،شیئر ٹرانسفر بکس 6 اگست 2025 سے 8 اگست 2025 تک (دونوں دن شامل ہیں) بند رہیں گی۔ وہ ٹرانسفرز جو کمپنی کے شیئر رجسٹرار، میسرز فیمکو شیئر رجسٹریشن سروسز (پرائیویٹ) لمیٹڈ، F-8، متصل ہوٹل فاران، نرسری، بلاک 6، پی۔ای۔سی۔ایچ۔ایس، شارع فیصل، کراچی، کو 5 اگست 2025 تک موصول ہوں گی، وہ نقد منافع کے لیے اہل تصور کی جائیں گی۔

## الیکٹرونک کریڈٹ مینڈیٹ (لازمی)

کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ 242 کی تعمیل میں، ایک پبلک لمیٹڈ کمپنی کیلئے یہ لازمی ہے کہ اپنے شیئر ہولڈرز کو صرف الیکٹرونک طریقے سے نقد منافع ادا کرے، جو کہ براہ راست اہل شیئر ہولڈر کے نامزد کردہ بینک اکاؤنٹ میں منتقل کیا جائیگا۔

لہٰذا، آرکروما پاکستان لمیٹڈ کے تمام شیئر ہولڈرز، جنہوں نے ابھی تک اپنی بینک تفصیلات فراہم نہیں کیں، اُنہیں ایک بار پھر اس عوامی نوٹس کے ذریعے درخواست کی جاتی ہے کہ، وہ اپنا درست اور مکمل 24 ہندسوں پر مشتمل IBAN، بینک کا نام، برانچ کا پتہ، CNIC اور درست ای میل ایڈریس فراہم کریں۔ اگر شیئرز الیکٹرانک فارم میں ہیں تو یہ معلومات CDC کے متعلقہ پارٹیسپینٹس/ انویسٹرز اکاؤنٹ سروسز کو فراہم کی جائیں، اور اگر شیئرز فزیکل فارم میں ہیں تو یہ تفصیلات ہمارے شیئر رجسٹرار میسرز فیمکو شیئر رجسٹریشن سروسز (پرائیویٹ) لمیٹڈ، F-8، متصل ہوٹل، نرسری، بلاک 6، پی۔ای۔سی۔ایچ۔ایس، شارع فیصل، کراچی کو فراہم کی جائیں۔

براہ کرم نوٹ فرمالیں کہ کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ (3)243 کے تحت، لسٹڈ کمپنیاں ان شیئر ہولڈرز کو منافع کی ادائیگی روکنے کی مجاز ہیں جنہوں نے ضروری معلومات فراہم نہیں کیں۔

شیئر ہولڈرز کی سہولت کیلئے E-Dividend مینڈیٹ فارم کمپنی کی ویب سائٹ http://www.archroma.com.pk پر دستیاب ہے۔

نقد منافع کی ادائیگی صرف اکاؤنٹ نمبر کی بنیاد پر کی جائے گی۔ آپ کی فراہم کردہ ہدایات کے مطابق آپ کی کمپنی اکاؤنٹ نمبر پر انحصار کرنے کی مجاز ہے۔ کمپنی کسی بھی نقصان، ضرر، ذمہ داری یا دعوے کی ذمہ دار نہیں ہوگی جو براہ راست یا بالواسطہ طور پر کسی غلط ادائیگی کی ہدایت، تاخیر، یا اپنی ذمہ داریوں کی انجام دہی میں ناکامی کی وجہ سے پیدا ہو، بشرطیکہ یہ غلط ہدایت یا ایسا کوئی واقعہ کمپنی کے اختیار سے باہر ہو۔

تمام شیئر ہولڈرز کو مطلع کیا جاتا ہے کہ نقد منافع کی ادائیگی CCDR کے ذریعے کی جائے گی، لہٰذا انہیں چاہیے کہ وہ CDC کے E-Services پورٹل https://csp.cdcaccess.com.pk پر خود کو رجسٹر کریں۔

## CNIC کی کاپی جمع کروانا (لازمی)

مختلف اوقات میں جاری کردہ ریگولیٹری ہدایات کی تعمیل میں، اُن ممبران سے جنہوں نے ابھی تک اپنا کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (CNIC) نمبر اور/ یا نیشنل ٹیکس نمبر (NTN)، جو بھی قابل اطلاق ہو، فراہم نہیں کیا ہے، درخواست کی جاتی ہے کہ وہ جلد از جلد اپنا درست CNIC اور/ یا NTN سرٹیفکیٹ کی کاپیاں جمع کروائیں:

- وہ شیئر ہولڈرز جو کمپنی کے شیئرز فزیکل فارم میں رکھتے ہیں، اُن سے درخواست ہے کہ وہ مذکورہ معلومات کمپنی کے شیئر رجسٹرار، میسرز فیمکو شیئر رجسٹریشن سروسز (پرائیویٹ) لمیٹڈ کو جمع کروائیں۔
- وہ شیئر ہولڈرز جو اپنے شیئرز سینٹرل ڈپازٹری سسٹم (CDS) کے تحت رکھتے ہیں، انہیں ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ مذکورہ معلومات براہِ راست متعلقہ پارٹیسپینٹ/ CDC انویسٹر اکاؤنٹ سروس کو فراہم کریں۔

SECP کی ہدایات کی تعمیل او کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ (243(2)(a کے تحت، کسی فرد کا کارآمد CNIC یا کسی کارپوریٹ ادارے کا NTN دستیاب نہ ہونے کی صورت میں کمپنی ڈیویڈنڈ کی ادائیگی روکنے کی مجاز ہوگی۔

## فائلر اور نان فائلر کیلئے انکم ٹیکس کی کٹوتی

انکم ٹیکس آرڈیننس 2001 کی دفعہ 150 کے تحت، ڈیویڈنڈ کی ادائیگی پر انکم ٹیکس کی کٹوتی کی شرح، جو کہ یکم جولائی 2021 سے مؤثر ہے، درج ذیل ہے:

a) وہ شیئر ہولڈرز جن کے نام ایف بی آر کی ایکٹو ٹیکس پیئر لسٹ (ATL) میں شامل ہیں، ان کیلئے ٹیکس کٹوتی کی شرح: 15%

b) وہ شیئر ہولڈرز جن کے نام ایف بی آر کی ایکٹو ٹیکس پیئر (ATL) میں شامل نہیں ہیں، ان کیلئے ٹیکس کٹوتی کی شرح: 30%

کمپنی کو 30% کی شرح کے بجائے 15% کی شرح سے ٹیکس کٹوتی کے قابل بنانے کیلئے، وہ شیئر ہولڈرز جن کے نام ویب سائٹ پر فراہم کردہ ایف بی آر کی ایکٹو ٹیکس پیئرز لسٹ (ATL) میں ظاہر نہیں ہو رہے، اس کے باوجود کہ وہ فائلر ہیں، اُنہیں ہدایت کی جاتی ہے کہ انہیں فوری طور پر یہ یقینی بنانا چاہیے کہ ان کا نام ATL میں شامل ہو۔ بصورت دیگر انکے نقد ڈیویڈنڈ پر ٹیکس 15% کے بجائے 30% کی شرح سے کاٹا جائے گا۔

مزید یہ کہ، فیڈرل بورڈ آف ریونیو (FBR) کی جانب سے موصول ہونے والی وضاحت کے مطابق، مشترکہ اکاؤنٹس کی صورت میں فائلر/ نان فائلر کا اسٹیٹس پرنسپل شیئر ہولڈر اور مشترکہ ہولڈر(ز) دونوں کیلئے علیحدہ علیحدہ اُن کے شیئر ہولڈنگ کے تناسب کی بنیاد پر مقرر کیا جائے گا۔

اس حوالے سے، تمام وہ شیئر ہولڈرز جو مشترکہ طور پر شیئرز رکھتے ہیں، ان سے درخواست ہے کہ اپنے اور مشترکہ ہولڈر(ز) کے درمیان شیئر ہولڈنگ کا تناسب تحریری طور پر ہمارے شیئر رجسٹرار کو درج ذیل فارمیٹ میں فراہم کریں۔

| | | | پرنسپل شیئر ہولڈرز | | جوائنٹ شیئر ہولڈرز | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| کمپنی کا نام | فولیو/ CDS اکاؤنٹ نمبر | مجموعی شیئرز | نام اور CNIC نمبر | شیئر ہولڈنگ کا تناسب (شیئرز کی تعداد) | نام اور CNIC نمبر | شیئر ہولڈنگ کا تناسب (شیئرز کی تعداد) |

درکار معلومات لازمی طور پر جلد از جلد ہمارے شیئر رجسٹرار میسرز فیمکو شیئر رجسٹریشن سروسز (پرائیویٹ) لمیٹڈ، F-8، متصل ہوٹل فاران، نرسری، بلاک 6، پی ای سی ایچ ایس، شارع فیصل، کراچی کو فراہم کی جائیں۔ بصورت دیگر یہ فرض کرلیا جائے گا کہ پرنسپل شیئر ہولڈر اور مشترکہ ہولڈر(ز) کے درمیان شیئرز برابر تناسب میں رکھے گئے ہیں۔

ایسے ممبران جو انکم ٹیکس کی کٹوتی سے استثنیٰ کے خواہشمند ہیں یا کسی کم شرح پر کٹوتی کے اہل ہیں، ان سے درخواست ہے کہ وہ کارآمد ٹیکس استثنیٰ سرٹیفکیٹ یا متعلقہ دستاویزی ثبوت فراہم کریں، جو بھی صورت ہو۔ اسی طرح وہ ممبران جو زکوٰۃ کی کٹوتی نہ ہونے کے خواہشمند ہیں، وہ بھی زکوٰۃ سے استثنیٰ کا کارآمد ڈکلریشن، شیئر رجسٹرار کو کتب بندش سے قبل جمع کروائیں، بصورت دیگر زکوٰۃ کی کٹوتی قابلِ اطلاق شرح کے مطابق کردی جائے گی۔

انکم ٹیکس آرڈیننس 2001 کی دفعہ 150 کے مطابق، ودہولڈنگ ٹیکس کی کٹوتی سے استثنیٰ حاصل کرنے کیلئے کارآمد ٹیکس استثنیٰ سرٹیفکیٹ ضروری ہے۔ جو ممبران ودہولڈنگ ٹیکس سے استثنیٰ حاصل کرنا چاہتے ہیں، وہ کتب بندش کی تاریخ سے پہلے کمپنی کے شیئر رجسٹرار کے پاس ٹیکس استثنیٰ سرٹیفکیٹ کی کاپی جمع کروائیں۔

## فزیکل شیئرز کی CDC اکاؤنٹ میں منتقلی

کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ 72 کے مطابق، ہر موجودہ لسٹڈ کمپنی کو اپنے فزیکل شیئرز کو مقررہ طریقے سے اور کمیشن کی مقرر کردہ تاریخ کے مطابق بُک انٹری فارم میں تبدیل کرنا ہوگا، اور اس پر عمل درآمد ایکٹ کے نفاذ (یعنی 30 مئی 2017) سے چار سال کے اندر مکمل کرنا ہوگا۔ مزید برآں، SECP نے اپنے خط مؤرخہ 26 مارچ 2021 کے ذریعے کمپنیز کو ایکٹ کی دفعہ 72 پر عمل درآمد اور شیئر ہولڈرز کو بُک انٹری فارم میں شیئرز تبدیل کرنے کی ترغیب دینے کی ہدایت کی ہے۔

مندرجہ بالا کی روشنی میں، وہ شیئر ہولڈرز جو فزیکل شیئرز رکھتے ہیں، ان سے درخواست ہے کہ وہ کسی بروکر کے ساتھ CDC سب اکاؤنٹ یا براہ راست CDC انویسٹر اکاؤنٹ کھول کر اپنے فزیکل شیئرز کو اسکرپ لیس فارم میں منتقل کریں۔ اس عمل سے انہیں کئی سہولیات حاصل ہوں گی جیسے کہ محفوظ تحویل، اور جب چاہیں شیئرز کی خرید و فروخت کی سہولت، کیونکہ پاکستان اسٹاک ایکسچینج لمیٹڈ کے موجودہ ضوابط کے مطابق فزیکل شیئرز کی ٹریڈنگ کی اجازت نہیں ہے۔

حسب الحکم بورڈ

(دستخط)

ایم۔ عرفان لاکھانی
کمپنی سیکریٹری

تاریخ: 30 جولائی 2025

نوٹ:

وہ شیئر ہولڈرز جو فزیکل فارم میں شیئرز رکھتے ہیں، ان سے درخواست ہے کہ درست طریقے سے پُر شدہ ڈیویڈنڈ مینڈیٹ فارم متعلقہ شیئر رجسٹرار کو جمع کروائیں۔

وہ شیئر ہولڈرز جو سنٹرل ڈپازٹری کمپنی کے ذریعے شیئرز رکھتے ہیں، ان سے درخواست ہے کہ درست طریقے سے پُر شدہ ڈیویڈنڈ مینڈیٹ فارم اپنے متعلقہ پارٹیسپینٹس/ انویسٹر اکاؤنٹ سروسز کو جمع کروائیں۔